نہم لاہور بورڈ 2013

اردو (لازمی) (نیو کورس) — پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ — (دوسرا گروپ) — کل نمبر: 60

(حصہ اول)

-2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم) (i)
محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم
کچھ کہ نہ سکا جس پہ یاں بھید کھلا تیرا

(ii)
یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا
مکاں میں بھی تو، لامکاں میں بھی تو ہے

(iii)
کیا کیا رکھے ہے یارب، سامان تیری قدرت
بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

(iv)
پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں
گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(حصہ غزل) (v)
عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(vi)
ہم ہے مشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی! یہ ماجرہ کیا ہے؟

(vii)
مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا
وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(حصہ دوم)

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) منجھلا لڑکا میرا ہم جماعت ہے۔ ایک دن میرا آموختہ یاد نہ تھا۔ مولوی صاحب نہایت ناخوش ہوئے اور اس کی طرف اشارہ کر کے مجھ سے فرمایا کہ کم بخت گھر سے گھر ملا ہے۔ اسی کے پاس جا کر یاد کر لیا کر۔ میں نے جو پوچھا: ''کیوں صاحب یاد کرا دیا کرو گے؟'' تو کہا: 'بسر و چشم'۔ غرض میں اگلے دن ان کے گھر گیا، آواز دی۔ انہوں نے مجھ کو اندر بلالیا۔

(ب) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشم انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر آ رہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔

-5 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے: 10

(i) سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟

(ii) مرزا غالب کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟

(iii) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟

(iv) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کا ردِ عمل کیا تھا؟

(v) تجمل نے اختر کے بارے میں کس قسم کے خیالات کا اظہار کیا؟

(vi) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(vii) بلبل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

(viii) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟

-5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: 5

(الف) پنچایت۔ (ب) قدر ایاز۔

-6 نظم ''برسات کی بہاریں'' کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

-7 اپنے چچا کے نام خط لکھیے جس مین چچی جان کی صحت کے متعلق پوچھا گیا ہو۔ 10

یا

پوسٹ ماسٹر صاحب کو ڈاکیے کے خلاف شکایت کی درخواست تحریر کیجئے۔

-8 ''سچ کی برکت'' کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے۔ 5

یا

درزی اور گاہک کے درمیان (کپڑے سلانے کے لیے) مکالمہ تحریر کیجیے۔

-9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے: 5

(i) آج ہم نے میچ کھیلنا ہے۔ (ii) اسلم شام کے پانچ بجے اکرم کو ملا۔

(iii) تم تو ناک پر مچھر نہیں بیٹھنے دیتے۔ (iv) اگر ممکن ہو سکے تو میرا کام کر دیجیے۔

(v) صاحب کا حکم سر ماتھے پر۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) بلی کے بھاگوں ---- (ii) کمخواب میں ----

(iii) جتنی چادر دیکھیے ------ (iv) جس کی لاٹھی ----

(v) دل کو دل سے -----

www.ilmkidunya.com